SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

September 29, 2022

ایس ای سی پی نے سرمایہ کاروں کی ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے لیے مزید سہولت کی فراہم کردی

اسلام آباد، 28 ستمبر: سرمایہ کاروں کو بغیر کسی رکاوٹ کے آن بورڈنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ایسیٹ مینجمنٹ کمپنیوں (AMCs) اور پنشن فنڈ مینیجرز (PFMs) کو سرمایہ کاروں کی تصدیق کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ یہ کمپنیاں اپنے طور پر یا آن بورڈنگ پلیٹ فارم جس کے ذریعے مائیکرو سیونگ کسٹمر کو آن بورڈ کیا جارہا ہے، شناختی دستاویزات حاصل کر کے ایسا کر سکتی ہیں۔

یہ پیشرفت نہ صرف AMCs اور PFMs کو ممکنہ برانچ لیس بینکنگ آپریٹرز اور الیکٹرانک منی انسٹی ٹیوشنز کے ساتھ انٹیگریشن میں معاونت کرے گی بلکہ AML/CFT ریگولیٹری فریم ورک کے قابل اطلاق تقاضوں کی تعمیل میں بھی مدد کرے گی۔

نئ ریگولیشن سمارٹ سرمایہ کاری کے ایک نئے دور کا آغاز کرنے اور سہل سرمایاکاری اکاؤنٹس کھولنے کے لیے برانچ لیس بینکنگ اور EMI پلیٹ فارم کے ذریعے آن بورڈ ہونے والے میوچل فنڈ سرمایہ کاروں کے لیے بغیر کسی رکاوٹ کے آن بورڈنگ کے تجربے کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ایس ای سی پی کی کوششوں کا حصہ ہے۔

ایس ای سی پی نے مائیکرو سیونگ کلچر کو فروغ دینے کے لیے سہل سرمایاکاری اکاؤنٹس متعارف کرائے تھے جہاں صارفین کو کسی اضافی معلومات/دستاویزات فراہم کیے بغیر ڈیجیٹل والٹس/برانچ لیس بینکنگ آپریٹرز کے ذریعے بغیر کسی رکاوٹ کے آن بورڈ کیا جاسکتا ہے۔

یہ نئی ریگولیشن ایس ای سی پی کے ڈیجیٹلائزیشن کی کاوشوں اور نان بینک فائنینشل سیکٹر اور کیپٹل مارکیٹس کی ترقی کے لیے سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ ایس ای سی پی کا ماننا ہے کہ جیسے جیسے انڈسٹری فنانشل سروسز کی ڈیجیٹلائزیشن کی طرف منتقل ہو رہی ہے، ڈیجیٹل آن بورڈنگ جلد ہی انڈسٹری میں معمول بن جائے گی۔